7500-10171-UR Rev A

# فوری اسٹارٹ ہدایت نامہ

آگامیٹرکس ویوسنس جاز (AgaMatrix WaveSense JAZZ™) وائرلیس بلڈ گلوکوز مانیٹرنگ سسٹم

**نگہداشت صارفین: 0800 093 1812**
ہنگامی صورت حال پیدا ہونے پر اپنے نگہداشت صحت کے ماہر یا ہنگامی طبی سہولت سے رابطہ کریں۔

AgaMatrix®




**Bluetooth® وائرلیس ٹیکنولوجی کے ذریعے** ایپ سے خودکار طور پر وقتی مطابقت پیدا کرلیتا ہے۔
جوڑابندی اور وقتی مطابقت کے لیے حوالہ جاتی مراحل پشت کی طرف دیے گئے ہیں۔

## تبادلی بیٹریاں شامل ہیں!

آپ کے میٹر کے سفری خول میں دو تبادلی CR2032، 3-وولٹ کی لیتھیئم بیٹریاں شامل ہیں۔ بیٹری بدلنے کی ہدایت پشت کی طرف دیکھیں۔

## سسٹم کے بارے میں

آگامیٹرکس ویوسنس جاز وائرلیس بلڈ گلوکوز مانیٹرنگ سسٹم مہین شریانوں میں بہتے مکمل خون میں گلوکوز کی سطحوں کی جانچ میں آپ کی مدد کرتا ہے۔ مکمل ہدایات کے لیے اپنا ہدایت نامۂ صارفین آگامیٹرکس ویوسنس جاز وائرلیس دیکھیں۔

*انتباہ: آگامیٹرکس سوراخ کرنے والا آلہ صرف ایک ہی شخص کو خود اپنی جانچ کے لیے نمونۂ خون لینے کی غرض سے استعمال کرنا چاہیے۔ ایسی کوئی سوئی یا سوراخ کرنے والا آلہ استعمال نہ کریں جو کسی دوسرے شخص نے استعمال کیا ہو*

## بلڈ گلوکوز میٹر

1) ڈسپلے ایریا
2) جانچ پٹی پورٹ
3) **میٹر بٹن:** میٹر کو چالو کرنے کے لیے دبائیں اور گلوکوز کی پچھلی جانچ کے نتائج دیکھیں۔





## جانچ پٹی

1) **رابطہ بار:** اس سرے کو جانچ پٹی پورٹ میں داخل کریں
2) **وژیول فل کھڑکی:** جب کافی نمونہ ڈالا جاتا ہے تو پوری طرح بھر جاتی ہے
3) **نمونے کا ایریا:** خون یا کنٹرول محلول یہاں لگایا جاتا ہے




## سوراخ کرنے کا نظام:

1) کوکنگ ہینڈل
2) گہرائی ظاہر کرنے والی کھڑکی
3) گہرائی
4) ریلیز بٹن
5) سوئی کو باہر نکالنے والا پرزہ
6) سوراخ کرنے والے آلے کا ڈھانچہ
7) سوئی کا ہولڈر
8) سوئی گیر ٹوپی
9) متبادل مقام کی جانچ کی ٹوپی (شفاف)
10) سوئی
11) سوئی کا ڈھکن




*وضاحت: جانچ کرنے سے پہلے آپ کو میٹر کا وقت اور تاریخ سیٹ کرنے کے لیے آگامیٹرکس ڈائی بیٹیز مینیجر ایپ (ایپ) کے ساتھ اپنے میٹر کی وقتی مطابقت کرنی چاہیے۔ اس سے یہ یقینی بنایا جائے گا کہ میٹر سے حاصل نتائج ایپ میں تارکے بغیر ارسال کیے جارہے ہیں۔ مزید تفصیلات کے لیے اس فوری اسٹارٹ ہدایت نامہ کی پشت پر دیکھیں یا اپنا ہدایت نامۂ صارفین دیکھیں۔*


## بلڈ گلوکوز کی جانچ کے مراحل

(مکمل ہدایات کے لیے اپنا ہدایت نامۂ صارفین برائے آگامیٹرکس ویوسنس جاز وائرلیس دیکھیں)

### 1 جانچ پٹی کو میٹر میں داخل کریں:

رابطہ باروں کو اوپر کی طرف رکھتے ہوئے جانچ پٹی کو جانچ پٹی پورٹ میں داخل کریں۔ میٹر خودکار طور پر فعال ہوجائے گا۔

انتباہ: بالکل درست نتائج کو یقینی بنانے کے لیے ہر جانچ سے پہلے اپنے ہاتھ نیم گرم صابن کے پانی سے دھوئیں اور اچھی طرح خشک کر لیں۔



### 2 جانچ کے مقام پر سوراخ کریں:

سوراخ کرنے کا آلہ تیار کرنے کا طریقہ جاننے کے لیے دابنے طرف دی گئی ہدایات دیکھیں۔


جس مقام پر سوراخ کرنا ہے سوراخ کرنے والے آلے کو اس کے مقابل دبائیں اور ریلیز بٹن دبائیں۔




### 3 خون کا ایک قطرہ حاصل کریں:

اپنی انگلی کو نیچے سے اوپر کی طرف نچوڑتے ہوئے دبائیں، یہاں تک کہ خون کا ایک مختصر سا قطرہ آجائے۔


سوراخ کیے گئے مقام کے اطراف میں براہ راست نہ دبائیں۔



### 4 جانچ پٹی کو نمونۂ خون کے پاس لائیں:

میٹر پر، جانچ پٹی پر خون کا نمونہ لگائیں، متحرک دکھاتا ہے جو یہ ظاہر کرتا ہے کہ یہ خون لگائے جانے کے لیے تیار ہے۔

جانچ پٹی نمونے کے مقام سے خون کو جانچ پٹی میں کھینچ لیتی ہے۔



### 5 جب جانچ پٹی کی وژیول فل کھڑکی پوری طرح سرخ ہوجائے اور میٹر بیپ دے تو خون کے نمونے سے الگ کرلیں:

میٹر کے اسکرین پر نمونہ لگائے جانے کی علامت ظاہر ہوگی اور آپ کو نمونۂ خون سے جانچ پٹی کب ہٹانی ہے، میٹر اس کی بیپ کرے گا۔

جانچ کے نتیجے کے حساب لگانے کے دوران میٹر کے ڈسپلے پر جانچ کے نتیجے نظر آئیں گے۔





### 6 جانچ کے نتیجے اور آخری مراحل پر نظر ڈالیں:

جانچ کے متحرک نتائج پر نظر رکھیں۔ جانچ کا نتیجہ میٹر ڈسپلے پر ظاہر ہوگا۔ جانچ کا نتیجہ میٹر کی یادداشت میں محفوظ ہوجاتا ہے۔

استعمال شدہ جانچ پٹی کو میٹر سے الگ کریں۔ میٹر خودکار طور پر بند ہوجائے گا۔


سوئی گیر ٹوپی کو الگ کر دیں اور سوئی کا ڈھکن دوبارہ لگا دیں۔ استعمال شدہ سوئی ہٹا دیں۔

استعمال شدہ جانچ پٹی اور سوئی کو مناسب طور پر ضائع کر دیں۔ ا سے ضائع کرنے کے لیے اپنے نگہداشت صحت کے ماہر کی ہدایات پر عمل کریں۔





## سوراخ کرنے والے نظام کی تیاری


**1** سوراخ کرنے والے آلے کی ٹوپی گھما کر اسے کھولیں۔




**2** سوئی کے ہولڈر میں نئی سوئی داخل کریں۔ سوئی کو مزید باہر نکالنے کے لیے ریلیز بٹن دبائیں۔




**3** سوئی کو پکڑ کر اس کے ڈھکن کو گھما کر ہٹائیں۔




**4** سوراخ کرنے والے آلے کی ٹوپی دوبارہ لگائیں۔



**5** جلد میں داخل ہونے کی گہرائی مقرر کریں۔




**6** کوکنگ ہینڈل کو کھٹکے کی آواز ہونے پر باہر کی طرف کھینچیں۔



©2018 AgaMatrix, Inc. جملہ حقوق محفوظ۔ تمام ٹریڈمارک اور/یا حقوق اشاعت ان کے متعلقہ مالکان کی ملکیت ہیں۔ پیٹنٹ سے متعلق معلومات کے لیے، دیکھیں www.agamatrix.com/patents

# فوری اسٹارٹ ہدایت نامہ

## آگامیٹرکس ویوسنس جاز (AgaMatrix WaveSense JAZZ™) وائرلیس بلڈ گلوکوز مانیٹرنگ سسٹم




**Bluetooth® وائرلیس ٹیکنولوجی کے ذریعے**
ایپ سے خودکار طور پر وقتی مطابقت پیدا کرلیتا ہے.

وضاحت: جانچ کرنے سے پہلے آپ کو میٹر کا وقت اور تاریخ سیٹ کرنے کے لیے آگامیٹرکس ڈائی بٹیز مینیجر ایپ (ایپ) کے ساتھ اپنے میٹر کی وقتی مطابقت کرنی چاہیے. اس سے یہ یقینی بنایا جائے گا کہ میٹر سے حاصل نتائج ایپ میں تار کے بغیر ارسال کیے جارہے ہیں.

## بیٹری تبدیل کرنے سے متعلق ہدایات

***ضروری: آگامیٹرکس ویوسنس جاز وائرلیس میٹر کے ساتھ صرف CR2032 یا DL2032 بیٹریاں استعمال کریں.***

### بیٹری ڈسپلے پیغامات

**کم بیٹری کا پیغام:** *(یہ پیغام 2 سیکنڈ کے لیے ظاہر ہوتا ہے)* کم بیٹری کا پیغام دیکھنے پر بھی آپ کوئی جانچ انجام دے سکتے ہیں لیکن بیٹریاں جلد از جلد بدل دی جانی چاہئیں. صرف CR2032 یا DL2032 بیٹریاں ہی استعمال کریں.


**بیٹری ناکارہ ہونے کا پیغام:** آپ کے میٹر کی بیٹریوں میں آپ کے میٹر کو چالو کرنے اور جانچ انجام دینے کی کافی طاقت نہیں ہے. بیٹریوں کو لازماً تبدیل کیا جانا چاہیے.

### بیٹریوں کی تبدیلی: *(مزید تفصیلات کے لیے اپنا آگا میٹرکس ویوسنس جاز وائرلیس کا ہدایت نامۂ صارفین دیکھیں).*

***ضروری: جب بیٹریاں تبدیل کی جارہی ہوں تو آپ کے میٹر سے تاریخ اور وقت مٹ جائیں گے. یہ یقینی بنانے کے لیے کہ آپ کی جانچوں کی ریڈنگز میں تاریخ اور وقت شامل ہیں، آپ کو اپنے میٹر کی وقتی مطابقت معاونتی آلے سے کرنی چاہیے. اپنے میٹر کی وقتی مطابقت انجام دینے کے لیے دائیں جانب دی گئی ہدایات دیکھیں.***


*وضاحت: بیٹریاں ہٹانے سے گلوکوز کے جمع شدہ نتائج کے ریکارڈ پر کوئی اثر نہیں پڑتا.*

#### 1 بیٹری کا دروازہ کھولیں:



یہ یقینی بنائیں کہ میٹر بند ہے. بیٹری کے دروازے کو دیکھتے ہوئے میٹر کو گھمائیں. بیٹری کے دروازے کو میٹر سے کھسکا کر ہٹا دیں.


#### 2 استعمال شدہ بیٹریوں کو نکال دیں:



*استعمال شدہ بیٹریاں*

کسی غیر دھاتی اوزار سے استعمال شدہ بیٹریاں باہر نکال دیں.

#### 3 نئی بیٹریاں لگائیں:




*نئی بیٹریاں*

آپ کے میٹر کے سفری خول میں بدلی جانے والی دو بیٹریاں شامل ہیں. بدلی جانے والی بیٹریوں کی جگہ دیکھ لیں.

اپنے سامنے کی طرف جمع (+) کی علامت والی نئی بیٹریاں لگائیں.

#### 4 بیٹری کا دروازہ بند کریں:



بیٹری کے دروازے کو میٹر کی طرف کھسکائیں. یہ یقینی بنائیں کہ میٹر استعمال کرنے سے پہلے بیٹری کا دروازہ پوری طرح بند ہے.

براہ کرم استعمال شدہ بیٹریوں کو اپنے مقامی ماحولیاتی ضابطوں کے مطابق تلف کریں.

## جوڑا بندی اور وقتی مطابقت سے متعلق ہدایات

**آگامیٹرکس ڈائی بٹیز مینیجر ایپ کئی طرح کے iOS اور Android™ آلات پر کام کرتا ہے. تجدید شدہ فہرست کے لیے www.agamatrix.co.uk دیکھیں.**

### *ایپ کے ساتھ اپنے میٹر کی جوڑا بندی اور وقتی مطابقت انجام دینا*

گلوکوز کے نتائج کی براہ راست اپنے iOS یا اینڈرائڈ آلے سے براہ راست زمانی مطابقت کے لیے آگامیٹرکس ویوسنس جاز وائرلیس میٹر کی آگامیٹرکس ڈائی بٹیز مینیجر ایپ (ایپ) کے ساتھ استعمال کریں.

جانچ کرنے سے پہلے اپنے میٹر کا وقت اور تاریخ سیٹ کرنے کے لیے آپ کو اپنے میٹر کی زمانی مطابقت آگامیٹرکس ڈائی بٹیز مینیجر ایپ (ایپ) سے کرنی چاہیے. مقررہ تاریخ اور وقت کے بغیر جانچ کے نتائج وقت اور تاریخ کی جگہ "--:--" اور "--/--" کے ساتھ ظاہر ہوں گے.


#### 1 ایپ کو ڈاؤن لوڈ کریں اور کھولیں:

آگامیٹرکس ڈائی بٹیز مینیجر ایپ (ایپ) App Store℠ (ایپل آلات کے لیے) یا Google Play™ سے (اینڈرائڈ آلات کے لیے) ڈاؤن لوڈ کریں.

اپنے معاونتی آلے پر ایپ کے آئکن پر تھپتھپائیں.

Download on the App Store | GET IT ON Google Play

#### 2 مینو آئکن پر جائیں:




تین سطروں سے بنے آئکن پر تھپتھپائیں.

#### 3 نئے میٹر کا اضافہ کریں:

"**میٹرز**" پر تھپتھپائیں. "**نئے میٹر کا اضافہ کریں**" پر تھپتھپائیں.

اپنے میٹر پر، میٹر بٹن کو دبا کر رکھیں.
ایپ میں ظاہر ہونے پر اپنے میٹر کا انتخاب کریں.

#### 4 رمزی کلید (پاس کی) داخل کریں:

*رمزی کلید کی مثال:*




6-ہندسہ والا رمزی کلید میٹر پر ظاہر ہوگا.

ایپ میں رمزی کلید نمبر کو داخل کریں.

#### 5 جوڑابندی کی تصدیق کامیاب ہے:


*صحیح کے نشان کی مثال:*



میٹر اور ایپ دونوں یہ اشارہ دیں گے کہ جوڑابندی کامیاب تھی. میٹر میں صحیح کا نشان آئے گا اور ایپ پر ایک پیغام ظاہر ہوگا.

#### 6 معلومات کی وقتی مطابقت:

آپ کے میٹر کی آلے کے ساتھ جوڑابندی کے بعد آپ کے جوڑا بند آلے کے قریبی رابطے میں ہر بار آنے پر اس کی "وقتی مطابقت" ہوگی یا معلومات کی منتقلی ہوگی.




*وضاحت: معلومات کی جوڑا بندی اور منتقلی کے لیے میٹر اور ایپ کو ایک دوسرے سے 10 میٹر کی دوری پر ہونا چاہیے.*

0123
AgaMatrix, Inc. 7C Raymond Ave
Salem, NH 03079 USA
EC REP MDSS GmbH, Schiffgraben 41
30175 Hannover, Germany


*Bluetooth® لفظ نشان اور علامات Bluetooth® SIG, Inc. کی ملکیت ہیں اور AgaMatrix, Inc. میں ان علامات کا کوئی استعمال لائسنس کے تحت ہے. دیگر ٹریڈ مارک اور تجارتی نام ان کے متعلقہ مالکان کے ہیں. Apple اور ایپل علامات، .Apple Inc کے ٹریڈ مارک ہیں جو یو ایس اور دیگر ممالک میں رجسٹرڈ ہیں. App Store، .Apple Inc کا خدمت کا نشان ہے. Android، .Google Inc کا ٹریڈ مارک ہے. Google Play، .Google Inc کا ٹریڈ مارک ہے.*